بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۷/۲۰۱۸ مورخہ ۲/جنوری ۲۰۱۹

بخدمت = ۱) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔

موضوع = قرارداد نمبر ۱۸ منجانب حاجی محمد نواز خان ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۷/ دسمبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۱۸ منجانب حاجی محمد نواز خان، رکن اسمبلی بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔

قرارداد۔

ہر گاہ کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان اور قلعہ عبداللہ میں آبادی کے حوالے سے ۱۱-۲۰۱۰ میں ایک سروے کیا گیا جسے فیزیبل قرار دینے کیلئے مرکزی حکومت کو برائے منظوری ارسال کیا گیا بعدازاں منظوری کے بعد سال ۱۷-۲۰۱۶ میں ایک ارب سے زائد کی خطیر رقم مختص کر کے باقاعدہ منصوبے پر کام کا آغاز کیا گیا لیکن گلستان سے ملحق قلعہ عبداللہ کی کثیر آبادی کو گیس فراہم نہیں کی گی جس کی وجہ سے علاقے کے عوام میں شدید احساس محرومی پایا جاتا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ سوئی سدرن گیس فراہمی میں کی جانیوالی غیر منصفانہ تقسیم کی بابت فوری نوٹس لے کر ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان اور قلعہ عبداللہ کو گیس کی سہولت فراہم کرنے کو یقینی بنائے اور ساتھ ہی اس منصوبہ کی تفصیلات بھی فراہم کرے تاکہ ضلع قلعہ عبداللہ کے عوام میں پائی جانیوالی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو۔

(شمس الدین)
معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) چیف سیکرٹری حکومت، بلوچستان کوئٹہ۔
۲) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۳) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۴) جنرل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی لیمٹیڈ، کراچی۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ
۶) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) مینجنگ ڈائریکٹر سوئی سدرن گیس کمپنی لیمٹیڈ صوبہ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔
۹) بخدمت حاجی محمد نواز خان رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔

〈قادر بخش شاہوانی〉
نائب معتمد، (سوالات)